ڈرپ اور ببلر اِریگیشن کے ذریعے پانی کی بچت

ڈرپ یا ببلر اِریگیشن کیا ہے؟

ڈرپ اور ببلر اِریگیشن فصلوں کی آبپاشی کے وہ طریقے ہیں جنہیں پانی کی بچت کرنے کے لیے اپنایا جاتا ہے۔ ڈرپ اِریگیشن سسٹم میں پودوں کو چھوٹے چھوٹے سوراخوں کے ذریعے جنہیں ایمٹرز کہا جاتا ہے قطرہ قطرہ پانی دیا جاتا ہے۔ ببلر اِریگیشن سسٹم میں پانی پودے کے دور میں پودے کے اِردگرد سپرے کی شکل میں دیا جاتا ہے۔ ببلر اِریگیشن سسٹم زیادہ تر بڑے درختوں یا اُن پودوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جن کی پانی کی ضروریات زیادہ ہوں

ببلر اور ڈرپ اِریگیشن سسٹم کے فوائد:

- یہ طریقے پانی کی کھیت تک رسائی کے فاصلے اور گہرائی میں چلے جانے والے نقصان کو کم کرتے ہیں
- محدود رقبے اور کم گہرائی پر استعمال کی وجہ سے کھاد ضائع نہیں ہوتی
- ان طریقوں سے پانی اور کھاد مئوثر ترین طور پا استعمال ہوتے ہیں
- ان طریقوں کے لیے کھیت ہموار کرنے ضروری نہیں
- جڑی بوٹیوں کے پھیلاؤ کو روکتے ہیں
- ان پر اخراجات کم آتے ہیں

ڈرپرز کو زیادہ تر ٹنلز یا کھلے کھیتوں میں کاشت کی گئی سبزیوں یا باغوں میں آبپاشی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جبکہ ببلرز کو زیادہ تر بڑے پھلدار درختوں کی آبپاشی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

اجزاء

ڈرپ اور ببلر اِریگیشن سسٹم مندرجہ ذیل اجزاء پر مشتمل ہیں۔

- پمپ
- کنٹرول ہیڈ یونٹ
- مین اینڈ سب مین پائپ
- لیٹرلز
- ڈرپرز اینڈ ببلرز



سسٹم کی قیمت

اس نظامِ آبپاشی کی قیمت کا انحصار فصل کے پودے سے پودے اور قطار سے قطار تک کے درمیانی فاصلے، واٹر پمپنگ کا زریعہ اور پانی کی کوالٹی پر ہوتا ہے تاہم ان سسٹمز کی قیمت 50,000 روپے سے 1,00,000 روپے فی ایکڑ ہوتی ہے جو کہ ایک سے دو سال کے اندر واپس ہو جاتی ہے

کھلے پانی کی نسبت ڈرپ اریگیشن کے زریعے کاشت کیے گئے ٹماٹروں سے 65-60 فیصد پانی کی بچت اور 20 فیصد پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے

(d)

(s)

کھلے پانی کی نسبت ڈرپ اریگیشن کے زریعے کاشت کیے گئے آلو اور کپاس کی فصلوں سے 45-40 فیصد پانی کی بچت اور 25-20 فیصد پیداوار میں اضافہ ممکن ہے

کھلے پانی کی نسبت ببلر اِریگیشن سسٹم کے زریعے 50-40 فیصد پانی کی بچت اور 40-25 فیصد پیداوار میں اضافہ ممکن ہے

سسٹمز کے لیے حفاظتی تدابیر

تمام ڈرپ اور ببلر سسٹمز وقتاً فوقتاً چیک کیے جانے چاہییں تاکہ کسی بھی قسم کی لیکیج یا رکاوٹ کا سدِ باب کیا جا سکے

رابطہ برائے مزید معلومات

بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ (باری) چکوال

فون نمبر 0543-594499 فیکس نمبر 0543-594501 ای میل barichakwal@yahoo.com